# انڈویجوئل لینڈ

انفرادی آزادی کے لئے کوشاں



# ڈیرہ بگٹی

## کیا آ پکو معلوم ہے؟

- آپ کے ضلع میں تعلیم کے شعبے کے لیے کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟
- صحت کی مد میں مختص کیئے جانے والے بجٹ کا استعمال کس طرح ہورہا ہے؟
- امن وامان کی مد میں مختص کیا گیا بجٹ ضروریات کے مطابق ہے یا نہیں؟
- پانچ اہم شعبوں صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیرو ترقی کی مد میں کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟

## 'شہریوں کا بجٹ' تشکیل دینا

ضلعی بجٹ کی تقسیم کا تجزیہ کرنے کے بعد، قلعہ عبد اللہ کے لوگوں نے خود اپنا بجٹ پیش کیا۔ان کی جانب سے جن ترجیحات کو نمایاں کیا گیا وہ یہ ہیں:

### صحت:

- مزید بنیادی مراکز صحت قائم کرنے کی ضرورت ہے۔
- موجودہ طبّی مراکز کی مرمت کی جانی چاہیئے۔
- اسپتالوں کو ایمبولینسیں، ادویات اور فرنیچر فراہم کیا جانا چاہیئے۔
- طبّی مراکز میں پانی اور بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔
- ملیریا کنٹرول پروگرام متعارف کروایا جانا چاہیئے۔
- ضلع میں ایمرجنسی مراکز قائم کئے جانے چاہیئں۔
- سرکاری اسپتالوں میں مریضوں کے لئے مزید کمرے تیار کئے جانے چاہیئں۔

### تعلیم:

- اساتذہ بھرتی کئے جانے چاہیئں اور انہیں تربیت فراہم کی جانی چاہیئے۔
- اسکولوں کی مرمت کروانے اور دیکھ بھال کرنے کی ضرورت ہے۔
- اساتذہ کی اسکولوں میں حاضری کو یقینی بنانے کے لئے ان کی مانیٹرنگ کی جانی چاہیئے۔
- خواتین ٹیچرز کی تعداد میں اضافہ کیا جانا چاہیئے۔
- لڑکیوں کے لئے زیادہ اسکول قائم ہونے چاہیئے ۔
- اسکولوں میں ہاسٹل، فرنیچر، اور پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔
- اسکولوں میں مفت کتابیں اور تعلیم فراہم کی جانی چاہیئے ۔
- اسکول کی عمارتوں کی مرمت کروانے کی ضرورت ہے۔

### تعمیر و ترقی:

- موجودہ سڑکوں کو مرمت کی اور نئی سڑکیں بنانے کی ضرورت ہے۔
- شہر میں پینے کے صاف پانی کی سکیمیں متعارف کروائی جانی چاہیئں۔
- سوئی میں تفریحی پارک قائم کئے جانے چاہیئں۔
- نکاسی آب کا نظام تشکیل دیا جانا چاہیئے۔

### امن وامان:

- پولیس کو جدید ہتھیار فراہم کئے جانے چاہیئں۔
- پولیس کی موجودہ گاڑیاں مرمت کروانی چاہیئں۔
- گشت کے لئے پولیس کو مزید موٹر سائیکلیں فراہم کی جانی چاہیئں۔
- چیک پوسٹوں کی تعداد زیادہ ہونی چاہیئے۔
- پولیس اسٹیشنوں کی مرمت کروانے کی ضرورت ہے۔
- پولیس کے ملازمین کے لئے رہائش گاہیں قائم کی جانی چاہیئں۔

### نوٹ:

مندرجہ بالا تمام مطالبات ڈیرہ بگٹی کے شہریوں نے ضلعی بجٹ کا موازنہ اور تجزیہ کرنے اور تحقیق کے بعد اپنی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے پیش کیے ہیں۔ان ضروریات کا مطالبہ انڈویجوئل لینڈ کی جانب سے نہیں کیا گیا۔


Find us

Individualland

Individualland

Tel: 051-2253438

contact@individualland.com

www.individualland.com

بجٹ کی تمام تفصیلات جاننا آپ کا حق ہے کیونکہ بجٹ کے لیے مختص کی جانے والی رقم آپ کے ادا کیے گئے ٹیکسوں کے ذریعے جمع کی جاتی ہے۔

ہم میں سے بہت سے لوگ اس بات سے ناواقف ہیں کہ ضلعی انتظامیہ کس طرح ایک ضلع میں رقم خرچ کرتی ہے۔ تاہم انڈ ویجوئل لینڈ پاکستان نے "بلوچستان میں بہتر گورننس اور احتساب کے لئے عوامی شرکت" کے نام سے بلوچستان کے بارہ اضلاع میں ایک مہم کا آغاز کیا ہے جس کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں۔

- ضلعی بجٹ کے بارے میں شہریوں میں آگاہی پیدا کرنا
- ضلعی انتظامیہ کے اخراجات کا تجزیہ کرنے کے لئے شہریوں کو متحرک کرنا
- ضلع کے شہریوں کے تعاون سے "شہریوں کا بجٹ" تشکیل دینا

## ۲۰۱۴-۲۰۱۵ کا بجٹ

صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر وترقی کے شعبوں میں مختص کیے گئے بجٹ کی تفصیلات یہ ہیں۔

### برائے صحت:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| صحت کا کل بجٹ | ۱۵۷،۵۳۷،۵۰۰ روپے | ۲۵۹،۵۷۰،۰۴۰ روپے |
| ضلعی ہیلتھ آفیسر | ۸۴،۳۵۶،۰۰۰ روپے | ۱۲۰،۶۸۹،۸۰۰ روپے |
| ضلعی ہیلتھ کوارٹر | ۳۲،۶۳۴،۵۰۰ روپے | ۶۰،۰۷۸،۰۰۰ روپے |
| عوامی ہیلتھ انجینئرنگ (ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای) | ۴۰،۵۴۷،۰۰۰ روپے | ۴۷،۰۲۲،۲۴۰ روپے |

### برائے تعلیم:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| تعلیم کا کل بجٹ | ۳۵۳،۲۳۳،۶۰۰ روپے | ۳۹۱،۵۹۸،۳۰۰ روپے |
| انتظامی امور اور معائنہ | ۳۴،۹۲۹،۷۰۰ روپے | ۳۷،۷۸۴،۰۰۰ روپے |
| پرائمری تعلیم | ۱۳۹،۹۷۰،۵۰۰ روپے | ۱۵۱،۶۹۸،۱۰۰ روپے |
| ہائی اسکولز | ۱۳۳،۸۱۸،۷۰۰ روپے | ۱۵۴،۸۸۵،۵۰۰ روپے |
| گورنمنٹ انٹر کالج برائے طلباء، سوئی | ۸،۵۲۰،۷۰۰ روپے | ۸،۵۲۰،۷۰۰ روپے |
| گورنمنٹ انٹر کالج برائے طلباء، ڈیرہ بگٹی | ۳۵،۹۹۴،۰۰۰ روپے | ۳۸،۷۱۰،۰۰۰ روپے |

### برائے تعمیر وترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۸۹۹،۷۴۰،۲۰۰ روپے | ۱۱۰،۸۵۷،۲۳۶ روپے |
| ایگزیکٹو انجینئر کی عمارت کے لئے سول ورکس | ۶۷،۲۰۶،۰۰۰ روپے | ۸۸،۰۶۶،۳۷۲ روپے |
| ایگزیکٹو انجینئر / صوبائی بی اینڈ آر کے لئے سول ورکس | ۸،۷۰۰،۵۰۰ روپے | ۱۰،۲۹۰،۸۶۴ روپے |
| جی۔اے کی عمارت | ۳،۵۰۰،۰۰۰ روپے | ۳،۵۰۰،۰۰۰ روپے |
| اے۔ون کی سڑک | ۴،۰۰۰،۰۰۰ روپے | ۴،۰۰۰،۰۰۰ روپے |

### برائے امن وامان:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۱۰،۶۷۷،۳۰۰ روپے | ۲۳۰،۰۱۵،۰۴۵ روپے |
| لیویز | ۳۱،۰۰۳،۴۰۰ روپے | ۳۳،۸۳۴،۳۰۰ روپے |
| پولیس | ۹۴،۶۹۵،۲۰۰ روپے | ۱۱۳،۴۳۶،۹۴۵ روپے |
| عام انتظامی اخراجات | ۵۸،۸۲۷،۹۰۰ روپے | ۶۰،۶۶۵،۷۰۰ روپے |
| جیلیں | ۶۱۱،۶۰۰ روپے | ۱،۰۶۱،۵۰۰ روپے |
| ماتحت عدالتیں | ۷،۶۷۰،۵۰۰ روپے | ۱۰،۰۱۴،۸۰۰ روپے |
| عدالتیں / انصاف، امن وامان اور حفاظتی معاملات | ۸،۷۹۱،۱۰۰ روپے | ۱۱،۰۰۱،۸۰۰ روپے |

### خواتین کی ترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۲،۵۵۶،۴۰۰ روپے | ۲،۴۶۹،۴۰۰ روپے |
| قالین بافی کا تربیتی مرکز | ۲،۵۵۶،۴۰۰ روپے | ۲،۴۶۹،۴۰۰ روپے |

## سوشل آڈٹ ٹیم تشکیل دینا

آپ کے ضلع کے بارہ شہریوں کے ساتھ تربیتی ورکشاپ کے سیشن میں ہم نے مل کر ڈیرہ بگٹی کے ضلعی بجٹ کا تجزیہ کیا ہے۔ یہ بارہ شہری سوشل آڈٹ ٹیم ہیں جو کہ ہمارے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ سوشل آڈٹ ٹیم کو مندرجہ بالا پانچ شعبوں کے بجٹ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے بعد چار ٹیموں میں تقسیم کیا گیا۔ اس ٹیم کے اراکین نے سرکاری دفاتر میں جا کر معلومات لیں تاکہ مختص کردہ بجٹ جس مد میں مختص کیا گیا ہے کیا وہ کافی ہے؟ اور اس کا استعمال کس طریقے سے ہو رہا ہے؟